سوال

جب احتلام تو ہو لیکن تری موجود نہ ہو

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے خواب میں والدہ کو دیکھا اور احتلام ہو گیا لیکن بیدار ہونے کے بعد احتلام کا کوئی اثر نہ دیکھا حالانکہ اسے یاد ہے کہ اسے احتلام ہوا تھا لہذا اس نے احتیاطاً غسل جنابت کرلیا لیکن والدہ کے ساتھ احتلام کی وجہ سے یہ شخص بے حد پریشان ہے اور فکر مند ہے کہ وہ اس کی کیا توجیہ کرے ؟ امید ہے آپ بقدر امکان جلد جواب سے سرفراز فرمائیں گے کہ اس کیا معنی ہیں ؟ اور کیا اس صورت میں اسے کوئی گناہ وغیرہ ہو گا، ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جس شخص کو احتلام ہو اور وہ تری نہ دیکھے تو اس کے لئے غسل لازم نہیں ہے کیونکہ حدیث میں ہے کہ :

(انما الماء من الماء) (صحیح مسلم)

''پانی کا استعمال پانی دیکھنے کی صورت میں ہے۔ ''

اگر وہ اپنے کپڑے یا جسم پر منی دیکھے تو اس کے لئے غسل لازم ہو گا خواہ اسے احتلام نہ بھی یاد ہو جیسا کہ سنن میں موجود حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سے ثابت ہے خواب میں والدہ کے ساتھ احتلام میں کوئی ضرر نہیں ہے بلاشبہ اس کی توجیہ شدت محبت نیکی اور اطاعت سے کی جائے گی لہذا اس میں پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص297